قومی بھارت
QAUMI BHARAT
نئی دہلی
16 مارچ 2025 اتوار

وقف ترمیمی بل میں مسلم تنظیموں کی ترامیم اور تجاویز کو شامل کیا جانا چاہیے

نئی دہلی (قومی بھارت) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں کو تاکید کی کہ آخر عشرہ میں اعتکاف کریں اور شب قدر کو شب بیداری کے ساتھ گزاریں نیز خصوصی طور پر ملت اسلامیہ کے لیے دعا کریں۔ انہوں نے کہا صدقہ فطر فی کس دو کلو ۴۵ گرام گیہوں یا آٹا یا اُس کی قیمت ہوتی ہے متوسط اندازہ کے مطابق ۷۵ روپے فی کس صدقہ فطر ادا کریں۔ کھجور، منقیٰ یا جَو یا اس کا آٹا دینا چاہیں تو ۴ کلو ۹۰ گرام ایک صدقہ فطر ادا کریں۔

مفتی مکرم نے کہا کہ ہلدوانی میں کچھ مسلمانوں کو پولیس کی زیادتی کا شکار بننا پڑا تھا خوشی کی بات ہے کہ اتراکھنڈ ہائی کورٹ کی دو رکنی بینچ نے ۲۲ مسلمانوں کو ضمانت دے دی۔ پچھلے سال اگست ۲۰۲۴ء میں ۵۰ مسلمانوں



”ہلدوانی میں کچھ مسلمانوں کو پولیس کی زیادتی کا شکار بننا پڑا تھا خوشی کی بات ہے کہ اتراکھنڈ ہائی کورٹ کی دو رکنی بینچ نے ۲۲ مسلمانوں کو ضمانت دے دی، پچھلے سال اگست ۲۰۲۴ء میں ۵۰ مسلمانوں کو یواے پی اے کیس میں ہلدوانی میں ضمانت ملی تھی“

کو یواے پی اے کیس میں ہلدوانی میں ضمانت ملی تھی، انہوں نے کہا جو افسران بے قصور انسانوں کی زندگیوں سے کھلواڑ کرتے ہیں ان کی جواب دہی بھی طے ہونی چاہیے۔

مفتی مکرم نے کہا کہ وقف ترمیمی بل میں مسلم تنظیموں کی ترامیم اور تجاویز کو بھی شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا جیسے دوسرے فرقوں کے اوقاف کی طرح کے ادارے بغیر کسی مداخلت کے کام کر رہے ہیں مسلمانوں کے اوقاف کے ساتھ بھی یہی معاملہ ہونا چاہیے۔ انصاف کا تقاضہ تو یہی ہے اور آئین بھی یہی کہتا ہے۔ مفتی مکرم نے اشتعال انگیز بیانات کی شدید مذمت کی۔ اسی اشتعال انگیزی کا نتیجہ ہے کہ راجستھان کے عالم دین کو ٹرین میں زدوکوب کیا گیا۔ لکشمی نگر کے حافظ عبیداللہ پر ہجومی تشدد کا افسوسناک واقعہ پیش آیا۔ آئے دن ایسی خبریں آتی رہتی ہیں اس کا سدِ باب ہونا چاہیے۔ امن اور شانتی سب کے لیے فائدہ مند ہے۔